بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

پریس ریلیز نمبر 249-ACE(M)

مورخہ 22-09-2026

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ امتحان میٹرک دوسرا سالانہ 2026 انشاءاللہ مورخہ 06-10-2026 سے شروع ہو رہا ہے۔ پبلک سیکٹر بورڈ ہذا سے الحاق شدہ جملہ ادارہ جات اپنے ادارہ کے "User Name" اور "Password" کے ذریعے بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesargodha.edu.pk سے رولنمبر سلپس ڈاون لوڈ کر سکیں گے۔ پرائیویٹ امیدواران بھی بورڈ کی ویب سائٹ سے اپنا "ب فارم" دے کر رولنمبر سلپ ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں کسی بھی پریشانی کی صورت میں بورڈ کے امتحانی سنٹرز سے بھی رولنمبر سلپ (Download) کروائی جا سکتی ہے۔

پرائیویٹ امیدواران جن کی اہلیت نامکمل ہے ان کو اعتراض ختم کرانے کے یاددہانی مراسلہ جات جاری کر دیے گئے ہیں ایسے امیدواران کو ان کے اپنے مفاد میں ہدایت کی جاتی ہے کہ فی الفور اعتراضات دور کروا کر اپنی رولنمبر سلپس بورڈ سے حاصل کر لیں۔ دفتر کا اعتراض ختم نہ ہونے کی صورت میں رولنمبر سلپس جاری نہیں کی جائیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر عائد ہو گی۔ تاہم دیگر امیدواران جن کو امتحان شروع ہونے سے دو دن پہلے تک رولنمبر سلپس حاصل نہ کر سکے ہوں، وہ بالمشافہ یا بذریعہ ٹیلی فون نمبر 048-3250055 اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک) بورڈ ہذا سے رابطہ کر کے بلا معاوضہ رولنمبر سلپ حاصل کر سکتے ہیں۔

امتحان میٹرک دوسرا سالانہ 2026 کے امتحان میں شرکت کرنے والے جملہ امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ:

1۔ امیدواران امتحان شروع ہونے سے آدھا گھنٹہ قبل امتحانی سنٹر پر حاضر ہوں گے۔ لیٹ آنے والے امیدواران کو امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں ہو گی۔

2۔ معروضی سوالیہ پرچہ امیدواران کو آخر پر واپس نہیں دیا جائے گا۔ امیدوار پرچہ حل کرنے کے بعد معروضی پرچہ سپرنٹنڈنٹ کو واپس جمع کروائیں گے۔ جو کہ بعد ازاں بورڈ کی ویب سائٹ پر (Display) کر دیا جائے گا۔

3۔ تمام امیدواران اپنی پریکٹیکل نوٹ بکس اپنے ہاتھ سے تیار کریں گے ورنہ پریکٹیکل نوٹ بک کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔ تمام ادارہ جات پابند ہیں کہ وہ اپنے ادارہ کے امیدواران کو پریکٹیکل کی مشق کروائیں۔ اس سال پریکٹیکل کے امتحان کے دوران سخت مانیٹرنگ کی جائے گی اور اگر کوئی امیدوار نقل کرتے پکڑا گیا تو اس کے خلاف حسب ضابطہ UMC درج کیا جائے گا۔

4۔ امتحانی سنٹر میں نقل کرنا/ کسی دوسرے امیدوار کی جگہ امتحان دینا/موبائل فون/اسمارٹ واچ لانا اور امتحانی پرچہ لیک کرنا سنگین جرم ہیں کسی غفلت کے ارتکاب کی صورت میں حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نوٹ: امیدوار بالمشافہ رابطہ کی صورت میں داخلہ فارم جمع کروانے کی اصل رسید/اعتراضی لیٹر ضرور ہمراہ لائے۔

کنٹرولر امتحانات

نقل برائے اطلاع

1۔ جملہ سیکرٹریز صاحبان پنجاب بورڈ (بشمول میرپور آزاد وجموں کشمیر)

2۔ جناب CEO;s (ایجوکیشن) صاحبان سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر

3۔ جناب ناظم تعلیمات (کالجز) سرگودھا ڈویژن سرگودھا

4۔ جناب ڈائریکٹر تعلقات عامہ سرگودھا ڈویژن سرگودھا

5۔ ویب ڈویلپر برائے ویب سائٹ۔

6۔ جملہ برانچ افسران، بورڈ ہذا

7۔ داخلی تقسیم

8۔ APP

اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (میٹرک)